دیباچہ

حسب انتظام کلیۃ الفنجاب میٹریکولیشن ایگزامینیشن میں انگریزی اور ریاضی کے علاوہ تیسرے لازمی مضمون کیلئے اختیار رعائت ہے۔ جس زمرہ میں السنۂ فروعی شامل ہیں۔ ازانجملہ فارسی بھی ہے۔ اس میں معمولاً دو پیپر ہوتے ہیں:۔

اوّل فارسی زبان کے ایک مجوّزہ نصاب وانتخاب نظم ونثر کو پڑھنا سمجھنا اور اُس کے مضامین و مفاہیم کو ورنیکلر زبان میں سمجھانا اور بیان کرنا۔ اِسماً یہ پیپر بی کہلاتا ہے۔

دُوم فارسی زبان کے قواعد (اصول ہجا۔ اِملا۔ صرف۔ نحو) پر دسترس ہونا اور ورنیکلر زبان کے خیالات وعبارات کو فارسی زبان میں ترجمہ کرنا۔ یہ پیپر اے کہلاتا ہے۔

بادی النظر میں تو پیپر بی نسبتاً مفرد اور سادہ معلوم ہوتا ہے لیکن اُمیدواران ومتعلقان پر روشن ہوگا۔ کہ فی الحقیقت نصاب کے طویل ومدید انتخابات وبیانات کے عبور ومرور میں کیا کچھ مشکلات درپیش ہیں۔ مثلاً:۔

لغات وعبارات ادق ومغلق کی ترتیل وتسہیل۔ اشارات و کنایات کی تحویل وتاویل۔ دقائق وحقائق لفظی ومعنوی کی تشریح وتصریح اصطلاحات وتلمیحات کی تفریع وتوضیح۔ نثرا وشعرا کے حالات و

سوانحِ حیات ...... علیٰ ہٰذا القیاس نصاب ادب سرتا پاگوناگوں اشکال و اِشغال کا مجموعہ ہوتا ہے۔ جس پر امیدوار کا کما ینبغی حاوی ہونا لامحالہ محال سا ہوتا ہے۔ بالخصوص اس حالت میں جبکہ زبان سے اتفاقاً یا مجبوراً کمتر واسطہ رہا ہو۔

تو لازم ہُوا کہ اُمیدوار اپنی توجہ کو پیپر آے کی جانب غیر معمول طور پر مبذول کرے۔ اور کامیاب ہونے کی توقع اُسی سے رکھے۔ جو مقابلتاً اہم وطائم بھی ہوتا ہے۔ اور اس میں مہارت و مزاولت پیدا کرنا بھی بہت کچھ اُمیدوار کے قبضۂ اختیار میں ہوتا ہے۔

مگر اس کے حصۂ ترجمہ "جو قریب نصف پیپر کے ہوتا ہے" کیلئے کُتب درسیہ و مشقیہ کی نہایت قلت ہے۔ اس لئے اِس صِنفِ مضمون کے لئے عُشر عشیر مہارت بھی پیدا نہیں کی جاتی۔ فقط گاہ بگاہ چند سطورِ سادہ کی ترجمانی پر اکتفا کی جاتی ہے۔ حالانکہ پیپر میں حصۂ ترجمہ کی زبان کا پیرایہ سال بسال تفاوت پذیر ہوا جا رہا ہے۔ کبھی تاریخ و فسانہ کا رنگ کبھی روزمرہ و محاورہ کا ڈھنگ۔ ترجمہ کیا ہوتا ہے ایک گورکھ دھندا اور ٹیڑھی کھیر کا سا مسئلہ ہوتا ہے۔

اور قواعد فارسی کے سوالات تو آئے دن اور رگے اور اور رسائل قواعد سے بالکل متجاوز و متباین ہوتے جا رہے ہیں۔ تین تین سو صفحات کی متداولہ گرامریں بالائے طاق ہی رہتی ہیں۔ اور پرچہ مکمل ہو جاتا ہے۔ سوالات زیادہ تر رسمی۔ رواجی و عملی ہوتے ہیں جو تسوید و انشا پر مشتمل ہوا کرتے ہیں۔ مثلاً :-

تصحیح اغلاط۔ تکمیلِ عبارت۔ ارتباطِ فقرات۔ انتشارِ جملات۔ استعمالِ سوابق و لواحق۔ تراکیب مطولہ و مرکبہ۔ اشتقاق الالفاظ وغیرہ وغیرہ جن امور کا قواعدِ زبان کی مروجہ کتب میں شاذ و نادر ذکر ہے۔ کیا

مقامِ تعجب ہے کہ وہ تو جوں کی توں پڑی رہیں۔ اور اُمیدوار امتحان میں چلے جائیں۔ لکھنے بیٹھ جائیں۔ مگر سوالات کے جواب کہاں سے پائیں سوائے چند ترکیبوں اور ترجموں کے کچھ اور زیرِ مشق رہا ہو تو اُسے سامنے لائیں۔ سوالات کو دیکھ دیکھ حیران و انگشت بدنداں ہو رہے ہیں۔

یہ ہیں حالات اور وجوہات جن کی بنا پر نسخۂ معیارِ فارسی آپ تک پہنچایا گیا۔ غالباً یہ عصیر اسم بامسمّیٰ ثابت ہوگا۔ اور اُمیدواران و متعلقان کے لئے کاملاً نصیر و مشیر رہیگا۔ اُمیدوار نے اگر اپنی قابلیت فارسیت کے زر کو اس کسوٹی پر گھسایا اور چمکایا تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ صرافتِ امتحان کے سامنے کما حقہٗ سُرخرو اور فائز المرام نہ ہو۔

(بخشی)

خصائص المعیار

۱- یہ دس پرچوں پر مشتمل ہے۔
۲- ہر ایک پرچہ مقدار میں قریباً تگنا ہے۔
۳- ہر ایک سوال اپنی قسم کے مشکل ترین سوالات سے ہے۔
۴- سوالات کی شکل و شباہت نہایت خوشنما ہے۔
۵- سوالات سرتاپا تازہ بتازہ ہیں۔ کہیں تکرار نہیں۔
۶- ہر ایک پرچہ حامل جملۂ اصنافِ امتحانِ زبان ہے۔
۷- گرامر کی رو سے قریب قریب تمام قواعدِ معروفہ کا اعادہ کر دیا گیا ہے۔
۸- اَسولہ انشائیہ و جدیدہ کو نہایت کاوش و کوشش سے مُہیّا کیا گیا ہے۔
۹- اشعار تراکیب معناً عجیب ہیں اور لفظاً مفید النحو۔
۱۰- عباراتِ تراجم آغاز تا انجام برابر متنوعہ ہیں۔ مُشتے نمونہ از ہر خروارِ زبان موجود ہے۔
۱۱- ہر ایک سوال بے مُبالغہ مصداقِ ذیل ہے ؎

ہر سخن نقطے و ہر لفظ مقالے دارد　　ہر ادا نازے و ہر ناز کمالے دارد

(بخشی)

۱۲- جوابات حتے الامکان نہایت تحقیق نظری و تعمیق غوری سے لکھے گئے ہیں عند الاحوال ان کے اجمال و تفصیل کا بھی پورا پورا خیال رکھا گیا ہے۔
۱۳- طرزِ بیان کہیں کہیں دقت لئے ہے۔ جس کیلئے قلم سرِ تسلیم خم ہے۔
۱۴- حل تراکیب النحو میں السنہ شرقیہ کی سی طرز ہے خواہ مخواہ تقلید انگلشیہ نہیں کی گئی۔
۱۵- ترجمہ میں معیار امیدواران امتحان ہی مطمحِ نظر و قصب السبق ہے۔ اور یہی مفید و مُستند رہیگا۔ بلاغت نظر انداز ہے ❊

سوالات

Paper I.

I. (a) What are حروفِ علّت and حروفِ صحیح ? State why are they so called.

(b) What kind of واو is in :—
خود - خواہ - طور - جور - زور

II. State how intransitive verbs are changed into their transitive form. Also change the following verbs into their transitive form :—
بخندند - رسیدہ باشد - مے ترسد

III. (a) Illustrate the difference between the meanings of :—
(i) گزیدن - چیدن (ii) افگندن - انداختن (iii) گاندن - روییدن

(b) Derive imperative moods from the above six infinitives

IV. (a) Give the situations for the use of خود and state the difference between
خویشتن - خویش - خود۔

(b) Form proper adjectives from :—
کرانہ - بدخشان - حق - مولا - غزنی - طے - دیر - دہ

V. (a) Give two meanings of each of the following words :—
مفتی باش - آب پاشی - کاشمیری - دستگیری - چشمہ - نوشہ - اوقات - برات

(b) Give the singular or the plural (Arabic) as the case may be. of the following :—

طَبَق - طُرُق - اُسلُوب عُیُوب - فرمان - ادیان - اِمام - عِظام

VI. (*a*) Form adjectives from :—

مادّہ - خندہ - حیلہ - ہندسہ - قوال - عُرفان - ریاست - ضمانت

(*b*) Give the opposite gender of —

ناقہ - جُرہ - مادیان - سُلطان - عروس - خروس - دوشیزہ - بندہ

VII. (*a*) Combine the following simple sentences into one complex sentence :—

مختصر این است - از آغاز محاصرہ شانزدہ رُوز گذشتہ بُود - تاریخ بستم ماہِ محرم بود - وقت شب بود - نقبہا را آتش زدند - فی الفور ابرِ سیاہ از دود برخاست - برقِ آتش تا چوبہا رسید - چوبہا در زیر ابنیہ ستون کردہ بود - چوبہا یکبارگی آواز نمود - آواز رعد آسا بر آمد - آواز جگر شگاف بود - دیوارہا یک دفعہ اُفتاد -

(*b*) Turn the following speech into its indirect form :—

حیدر بیگ "جانِ من! دَورت بگردم - دردت بجانم - پائے ترا مے بوسم - قربانت مے روم - دو ہفتہ مہلت مے گیرم - صبر کُن - واللہ! بعد ازین عرُوسی کردہ میبرمت - خاطرت جمع باشد عروسی این بردنت از برام ز مرگ بتر است - پیش پدر و مادر مرا خجالت نگذار"

VIII (*a*) Analyse according to persian grammar, the following verse :—

اے مستِ ناز آئی اگر بر مزارِ ما　　آہستہ برگِ گل بفشان بر مزارِ ما

(*b*) Parse the overlined words in the above verse.

IX Translate into Persian :—

(ھ) ایک جوان نے ایک سادھو سے تین سوال کئے۔ پہلا یہ کہ "کیوں کہا جاتا ہے خدا ہر جگہ موجود ہے؟ مجھے دکھایئے خدا کہاں ہے؛ دوسرا یہ۔ کہ "انسان کو جرموں کی سزا منی کیوں بتائی جاتی ہے؛ جو کرتا ہے وہ تو اُس کی تقدیر میں لکھا گیا ہے۔ یعنی خدا کی مرضی کے بغیر تو وہ کچھ کر ہی نہیں سکتا۔ اگر کر سکتا تو ہر کام اپنے بھلے کا کرتا" تیسرا یہ کہ "کیونکر خدا شیطان کو جہنم کی آگ میں مبتلا کر سکتا ہے؛ کیونکہ شیطان تو آگ کے عنصر سے بنایا گیا ہے۔ آگ اپنے آپ کا کیا بگاڑ سکتی ہے؟" سادھو نے مٹی کا ایک ڈھیلا اُٹھا کر اُس کے سر پر دے مارا۔ جوان نے جا کر نالش کر دی۔ اور واقعہ کو بیان کیا۔ سادھو طلب کیا گیا۔ عدالت نے دریافت کیا۔ کہ اُس نے بجائے جواب دینے کے ڈھیلا کیوں مارا؛ تو سادھو نے جواب دیا۔ کہ "ڈھیلا ہی تو اِس کے سوالوں کا جواب تھا۔ یہ کہہ رہا ہے۔ کہ اس کے سر میں درد ہے۔ اسے چاہیئے کہ مجھے درد دکھائے تو میں اسے خدا دکھاؤنگا۔ اِس نے حضور کے پاس نالش کیوں کی؟ میں نے تو جو کچھ کیا خدا کی مرضی کے مطابق کیا۔ مجھے اختیار ہی کیا ہے۔ یہ تو خدا کا فعل ہے۔ اور یہ تو مٹی کا بنا ہوا ہے۔ اسے مٹی کے ڈھیلے سے کیا تکلیف پہنچ سکتی ہے۔ مٹی مٹی کا کیا بگاڑ سکتی ہے؟" جوان لنگرا جواب ہو گیا۔ اور جج صاحب مسکرائے۔

(و) ایک شخص جنگل میں جا رہا ہے۔ کسی گوشہ سے ایک مہیب شیر ڈکارتا اور گرجتا ہوا نکلتا ہے۔ اس کی پُر رعب گونج۔ بھیانک صورت اور غضبناک آنکھوں نے اس شخص کو لرزا دیا۔ یہ شخص کسی کے سامنے شیر کا حلیہ در ہیئت و صورت جن مؤثر الفاظ میں بیان کریگا وہ بیان فنِ شاعری کہلائیگا۔ مگر علم الحیوانات کا ایک عالِم شیر کے عضو و جزو کو علمی حیثیت سے دیکھتا ہے۔ اور پھر علمی پیرائے میں کسی مجمع کے سامنے شیر پر لکچر دیتا ہے اس کا بیان فنِ تاریخ کہلائے گا۔

(e) سُورج چمکتا ہے۔ بادل گرجتا ہے۔ مینہ برستا ہے۔ ہوا چلتی ہے۔ خاک اُڑتی ہے۔ پانی بہتا ہے۔ دُھواں اُٹھتا ہے۔ بجلی کڑکتی ہے۔

Paper 2.

I. (a) Distinguish clearly between :—

(i) الف مقصورہ and الف ممدودہ (ii) واوِ معروف and واوِ مجہول

(iii) سکون and وقف

(b) Explain fully what is meant by the following terms :—

اِشتقاقُ الافعال۔ اضافتِ مقلوب۔ ضمیرِ قبلُ الذکر۔ مفعول مالم یُسم فاعلہٗ۔

II. (a) Derive second person, plural number and passive voice of present perfect tense and past imperfect tense from :—

گردیدن۔ رُستن

(b) State the rules of changing active voice into its passive voice.

III. (a) Form-adjectives from :—

مولا۔ صفرا۔ قیاس۔ پیاس۔ عزت۔ حرمت۔ نر۔ زر

(b) Give Arabic plurals of :—

کتاب۔ حساب۔ اسیر۔ ضمیر۔ حالہ۔ مسئلہ۔ غنیمت۔ طبعیت۔

(a) Show the two meanings of each of the following words :—

آرام۔ بادام۔ زار۔ خار۔ تن۔ زن۔ نمک۔ گزک۔

(*b*) Write down the gender of the following nouns giving their opposite gender :—

مادر۔ برادر۔ پرستار۔ شہریار۔ زوجہ۔ خواجہ۔ اُستاد۔ داماد۔

V. (*a*) What are the kinds of dependent or incomplete phrase. Illustrate your answer by means of examples.

(*b*) Give examples of :—

الفِ قابلیت۔ ہائے معیّت۔ ہائے مشابہت۔ یائے نسبت۔

VI. (*a*) Insert the appropriate words in the spaces left blank :—

روستائے پسررا . . . . . مُلّائے سپرد و گفت . . . . . ہر علمے
. . . . . تعلیم دہ۔ چوں سالے . . . . . پسر در اکثرِ . . . . . سوادکے
. . . . . کرد۔ دہقان روزے . . . . . چہ مے خوانی؟ . . . . . بعضے
. . . . . عُلوم . . . . . نام بُرد . . . . . دریں ہا . . . . . ہم
رسانیدہ ام۔ باز . . . . . مُلّاَیت علمِ عربی . . . . . تعلیم . . . . .
گفت۔ بلے ۔

(*b*) Correct the following sentences giving reasons in each :—

(i) اے صبا برگانِ غنچہ پارا آہستہ نہ۔

(ii) پست دانہائے مروارید بہ من رسیدند۔

(iii) ایشاں ہمہ پندہا و نصائح ہا انہا در مہربانہ خود یاد است۔

(iv) بیشترِ جانوراں بار بردار خرا لیستند۔

(v) چقدر؟ انداز؟ دولیست صد سپاہاں بُود۔ (vi) دہ عدد سلات مے فرستم۔

VII. (*a*) **Analyse the following verse :—**

اے بلبل اگر نالی من با تو ہم آوازم   تو عشق گلے داری و من عشق گل اندامے

(*b*) **Parse the overlined words in the above verse.**

VIII. Translate into persian :—

(a) شیکسپیر کی طرح کالیداس نے بھی اپنے ڈراموں کے پلاٹ اختراع نہیں کئے۔ بلکہ پرانی روائتوں سے اخذ کئے۔ مگر اُن میں وہ رنگینیِ خیالات اور لطافتِ جذبات بھر دی ہے کہ قصے بالکل اچھوتے ہو گئے ہیں۔ رموزِ الفت کے بیان کرنے میں کالیداس کو یدِ طولےٰ حاصل تھا۔ اِس رنگ میں کوئی دوسرا سنسکرت شاعر تابِ مقابلہ نہیں لا سکتا۔ اس کی حسن پرست نگاہ صرف انسانی جذبات پر محدود نہ تھی۔ بلکہ پھل۔ پھول۔ بیل۔ بوٹے۔ چرند۔ پرند۔ غرض سارا نیچر اُس کے لئے حسن و جذبات سے معمور تھا۔ اور ایسا دلکش کہ جس کا بیان فقط اُسی فطرت نگار سے ہی ممکن ہے۔ یہی سبب ہے کہ سارا یورپ کالی داس کا مداح ہے۔

(b) یہ تنہائی کی رات مجھے ستاتی ہے۔ یہ آراستہ مگر اکیلا مکان دل میں چٹکیاں لیتا ہے۔ یہ پھولوں کے گلدستے جنگلی کانٹوں کی طرح پائے تخیل میں چبھتے ہیں۔ ستاروں کو دیکھ۔ آسمان پر بیٹھے میری ہنسی اُڑاتے ہیں۔ ہوا کے جھونکوں کو روک کہ مجھ مہجور کو چھیڑنے سے باز رہے۔ یہ آگ تُو نے بھڑکائی ہے۔ اس لئے میری تجھ سے دُہائی ہے۔ دیکھ آنکھیں نہیں مانتیں۔ پلکوں کو آنسوؤں میں ڈبوتی ہیں۔ رُخساروں پر سیلاب بہاتی ہیں۔ ہونٹ خشک ہو رہے ہیں۔ دم گھٹا جاتا ہے۔ بھوک پیاس دُور چین سُکھ کافور۔ ایشور! ایسی حالت میں تجھے نہ پکاروں کو کسے دھیاؤں

اور بُلاؤں۔

(c) (i) برسات آگئی۔ گرمی گذر چلی۔ ہوا میں وہ تپش نہیں رہی۔

(ii) امید کہ وہ وعدہ پورا کرینگے۔ بھول گئے ہیں تو پھر سے یاد کرادوں۔

(iii) آیئے تشریف لایئے۔ مدت سے راہ دیکھ رہے تھے۔ سُنائیے خیریت ہے؟

(iv) جناب! وقت ہوگیا۔ گذر گیا۔ یہ کسی کی انتظار نہیں کرتا۔ آپ چاہیں یا نہ چاہیں۔ مگر لکھنا بند کردیں۔ معاف رکھیں۔ لو رخصت!

Paper 3.

I. (a) What different meanings do the compound words formed by combination of اِسم and امر denote. Examplify your answer.

(b) How should آں اسم اِشارہ be distinguished from آں اِسم ضمیر Explain it with examples.

II. (a) Name the various kinds of مصدر Give examples in each case. Do you know what is the recognition of مصدر

(b) State how past perfect tense of the verb is formed from the infinitives. Give its full conjugation from the infinitive:-

آمادہ شُدن

III. (*a*) Discriminate clearly between :—

(*i*) اِسمِ فاعل - فاعل and صفتِ مُشبّہ

(*ii*) فعلِ حال - حال and اِسمِ حالیہ

(*b*) State and illustrate when common noun becomes proper noun (نکرۂ مُخصّصہ)

IV (*a*) Give abstract nouns of —
حاذِق - فائِق - کامِل - شامِل - مُعطّے - مُربّے - ضعیف - نحیف -

(*b*) Write down diminutives of :—
مرد - درد - قرض - فرش - کاسہ - چرخہ - اشک - مشک -

V (*a*) Point out the number of the following nouns, giving the opposite number of each :—
بذر - دُرر - شقائق - دقائق - عُروس - فلوس - مسئلہ - اشولہ -

(*b*) What do the following suffixes denote? Give examples of words which contain them with their meanings :-
فام - دار - ناک - ور - سار - انہ

VI. (*a*) Combine the following simple sentences into a single one :—

احمد داشت پسرے - نام پسرش اشرف بُود - احمد او را چہار آنہ داد - احمد او را بازار فرستاد - اشرف بازار رفت - او رسید بر دُکانِ برف - او بہ چہار آنہ برف خرید - برف دو سیر یافت - او برف را بپارچہ بپیچید - او با برف بخانہ اش باز گشت -

(*b*) Turn the following speech into its direct form :—

حاجی بابا بیان فرمایدکه آخر او به عقلش مشورت آغازید که بعد شکستن کمر
او را چه باید کرد- چنانچه خواست که لوطی شود و خرس و میمون بخرد- مگر مے
دید که تعلیم خرس و میمون خیلے زحمت مے داشت- و لوطی گری هم پیشهٔ
بخیل و بے حیا باشد- باز خواست که فال گیر شود- لیکن چون دید که فال گیر
و رمال در مشهد از سگ بیشتر است- ازاں هم در گذشت-

VII. (*a*) Analyse the following verse :—

دلم بردی و دلداری نه کردی
غمم دادی و غمخواری نه کردی

(*b*) Parse the overlined words in the verse.

IX. Translate into persian :—

یہی حال پانی کا ہے- یعنی جہاں ذرا سا بھی جسم پایا- سکت آئی- روانی
اختیار کی- بغیر سہارے کے ٹھہرنا محال ہو گیا- آرام کے لئے مارا مارا پھرنے
لگا- کوئی روکے تو رُکے- ورنہ آرامگاہ کی تلاش میں محو ہے- کسی نالی میں داخل
ہوتا ہے اور اسے دار القرار سمجھتا ہے- مگر وہاں بھی وہی حال- آخر بڑے
نالے میں پہنچتا ہے- اور اس کی ہمت بڑھتا ہے- نالہ اپنی خواہش کو پورا
کرنے کے لئے دوڑتا دوڑتا کسی ندی میں اور ندی کسی دریا میں جا شامل ہوتی
ہے- مگر دریا کو کیا چین؟ وہ بھی اسی دُھن میں مگن- آرامگاہ کی تلاش میں سمندر
سے جا ملتا ہے- سمندر کیا آرام میں ہے؟ اصلی راحت کو پائے ہوئے ہے؟
ہرگز نہیں- بے قرار ہے- برابر آرام! آرام!! پکار رہا ہے- گویا اس

دولت سے محروم ہے۔ اُسے اُٹھنے کی خواہش ہے۔ بالائی عالم میں آرام کو
جاگزیں سمجھتا ہے۔ آفتاب کو یاد کرتا ہے۔ اس کا نام جیتا ہے۔ چنانچہ اُس
کی برکت واپنی ہمت سے اُٹھا اُٹھتے ہی حقیقی بہن ہوا اس کو مل گئی۔ کہ جس سے
مدتوں سے بچھڑا ہوا تھا۔ خوب گلے لگ ملے۔ اور پھر مدتوں مل کر رہے۔ آخر
حضرت یہاں سے بھی اکتا گئے۔ کیونکہ آرام کے درشن یہاں بھی نہ ہوئے۔ بہن
سے رخصت ہونا چاہا۔ بہن جس نے اُسے جان سے زیادہ عزیز رکھا ہوا تھا
اور ایک دم بھر کے لئے اُس کی جدائی گوارا نہ تھی۔ اُس نے یہ سنتے ہی آنسو
بہا دئے۔ اور جب دیکھا کہ وہ ہمیشہ کے لئے اس سے جدا ہو رہا ہے۔ اور
بھی جی کھول اور پکار پکار رونے لگی۔ پانی چلدیا اور سیدھا اپنی ماں
کے پاس پہنچا اور اپنی بے تابی اور بے قراری کی کہانی جا سنائی۔ اُس نے
مُدت سے بچھڑے بچے کو گود میں لیا۔ چھاتی سے لگایا۔ آنکھوں پر بوسہ دیا۔
دعائیں دیں۔ ماں کے دل کا کنول اُسوقت موسم بہار کی طرح کھل گیا۔ نہایت
شگفتہ خاطر ہوئی۔ خوشی منائی۔ مگر بچے کی دلی مراد کو تا آخر بر نہ لا سکی۔ یعنی پانی
اپنے حقیقی محبوب آرام کو نہ پا سکا۔ غرض قدرت کی ہر ایک شے کیا جمادی۔
نباتی اور کیا حیوانی ہر وقت اور ہر حالت میں آرام کی طرف راجع ہے۔
مائل ہے۔

Paper 4.

I. (a) Explain the terms معروف and مجہول as applied to certain letters in persian. State why are they so called.

(b) Distinguish between :—

(i) قلب، ابدال and تعلیل (ii) حاصل مصدر and فعل

II. (*a*) What different meanings do the compound words formed by the combinations of فعل ماضی and فعل امر denote

(*b*) State clearly the exceptions in persian to the general rule, that a verb must agree with the subject in person and number.

III. Mention the rules of formation of diminutives in persian, illustrating with the examples. State also the situation for their different form of uses.

IV. (*a*) Form adject.ves from :—
آسائش ۔ افزائش ۔ انکار ۔ اصرار ۔ گریہ ۔ لرزہ ۔ تاب ۔ خواب

(*b*) Give plurals of :—
نجم ۔ رزم ۔ سفینہ ۔ گنجینہ ۔ شجر ۔ پسر ۔ زمانہ ۔ بہانہ ۔

V. (*a*) Extract imperative moods from :—
رفتن ۔ رُفتن ۔ جستن ۔ جُستن ۔ رستن ۔ رُستن ۔ گزیدن ۔ گزیدن ۔

(*b*) Form instremental nouns from :—
تابیدن ۔ روبیدن ۔ پیمودن ۔ پُف کردن ۔ باد زدن ۔ ضرب ۔ سطر ۔ تیز ۔

VI. (*a*) Fill up the blanks by means of approoriate words :—

مُدت . . . . که آقا خطے نہ فرستادہ . . . . بلے عادت . . . .
است ہرگاہ مے رود . . . . سفر یارانِ وطن . . . . خانہ و خانماں
. . . . مے کند ۔ میگویند مراجعت . . . . و بمبئی رسیدہ . . . . شما . . .

طور . . . . دانید۔ دیروز . . . . ریدہ است . . . . آں نوشتہ است
کہ روانہ . . . . وامید کہ فلاں . . . . خواہیم رسید ✦

(*b*) Correct the following sentences :—

(i) بہ دریا در منافع بے شمار اند ۔
(ii) باآنانکہ چنداں بار خطم بہ او فرستادم نیامدند ۔
(iii) از بہر تو را توبہ شکستیم و سوگند ہم نیز ۔
(iv) آں قطرہ ایم چہ تنہا فگندہ مرا بہ دُور ۔
(v) فردا جعفر را من درونِ مدرسہ دو ضربہا زدہ ام ۔

VII. (*a*) Analyse the following verse :—

دوست دشمن مے شود صائب بوقتِ بیکسی
خونِ زخمِ آہواں راہبر شود صیاد را

(*b*) **Parse the overlined words in the above verse.**

III. Translate into persian :—

(a) تولہ بھر افیون لی اور بیوی کو خط لکھا۔ "امرت سر پہنچکر معلوم ہوا۔ کہ عزیزہ حلوائی کے لڑکے کے ساتھ بھاگی۔ میں اور تم دنیا میں نہیں خدا کے ہاں بھی وبال میں گرفتار ہوئے جس پر یہ کچھ مصیبت گزر جائے اور جو بزرگوں کی ناک اس طرح کاٹ دے وہ اب کس منہ سے گھر آئے لڑکیوں کی تعلیم کے غلط رستوں اور نئے فیشن کے خبط نے مجھے یہ دکھایا۔ میں اب دنیا سے رخصت ہوتا ہوں۔ جس وقت تک یہ خط تم کو پہنچے گا۔ اس وقت تک میری لاش بھی دفن ہو چکی ہوگی۔ مگر وہ بدنصیب ہوں کہ قبر بھی نصیب نہ ہوگی۔ ڈاکٹر میری لاش کو

چیرینگے۔ بھنگی چمار مجھے دفن کرینگے۔ کفن۔ قبر۔ نماز اور خیرات کا کیا ذکر؟ یہ ساری آفت اور رسوائی اُس شوق کا نتیجہ ہے۔ جو برسوں مجھے سراب مغرب میں بھٹکاتا رہا۔ تقلید فرنگ پہ دوڑاتا رہا۔ اس وقت نادم ہوں۔ روسیاہ ہوں۔ شرمسار ہوں۔ متاسّف ہوں۔ پشیمان ہوں۔ خدایا! میری ناپاک رُوح اب تیرے حضور میں حاضر ہوتی ہے۔ اب دنیا میں اس کا کوئی ٹھکانہ نہیں"۔ اِتنا لِکھ خط ڈاک میں ڈالا۔ اور آ کر افیون کھالی۔ لیٹ گیا۔ جتے کہ ہمیشہ کی نیند سو گیا۔

(ج) زمانے کو ایک حالت پر قرار نہیں۔ کل کچھ تو آج کچھ۔ کل گرمی تو آج سردی۔ کل خوشی تو آج غمی۔ کل تیز دھوپ تو آج موسلا دھار مینہ۔ غرض دنیا کا یہ چکر اسی طرح چلا جا رہا ہے۔ اور اسی طرح پھرتا چلا جائیگا۔ مگر انسان۔ ضعیف البنیان انسان تبدیلی کے اس قاعدے کو بھول کر یہ سمجھتا ہے۔ کہ دنیا کی باقی چیزیں تو تبدیل ہو جائینگی لیکن اس کے اندر تبدیلی ناممکن۔ اسے زوال نہیں ہے۔ آہ! اگر سمجھے تو بھٹکے کیوں؟

(د) راماٹن سے کیا کچھ اخلاقِ حسنہ کی تعلیم اخذ ہوتی ہے۔ مثلاً جان جائے مگر ایفائے وعدہ میں فرق نہ آئے۔ سر پر مصیبت اور آفت کے پہاڑ آگریں مگر اطاعتِ والدین سے سر نہ پھیریں۔ بھائی کا پیار ہو تو بھائی پر نثار ہو۔ عورت وہ جو خاوند پر قربان ہو۔ دُکھ درد سہے اور اُف تک نہ کرے۔ بُرے سے بُرائی ہو کر رہیگی۔ گنہگار کی تباہی گناہ سے ہوتی ہے۔ دوست وہ جو آخر دم تک ساتھ دے اور ہر مصیبت میں شریک رہے ۔

Paper 5.

I. (*a*) Explain the terms شمسی and قمری as applied to certain letters in persian. State why are they so called.

(*b*) Mention the various kinds of استفہام giving examples of each.

II. (*a*) Show that اِسم آلہ and اِسم ظرف both belong to اسمائے مشتق and اسمائے غیر مشتق

(*b*) Discriminate between the meanings of :—

(i) شکستن and گسستن (ii) اُستردن and تراشیدن (iii) برداشتن and انگیختن -

III. (*a*) When should demonstrative nouns be plural and when singular ?

(*b*) Say in what cases اِیں is changed with اِم Give examples.

IV. (*a*) Define اِسم مفعول What are its various functions ? Are آمدہ-ماندہ and رسیدہ اِسم مفعول if not, why ?

(*b*) Explain grammatically the following :—

شپّرہ - دریوزہ - ایمن - پرویزن - کس مخر - روغن جوش - جہاں زمین -

V. (*a*) Point out the genders giving the oppositions of the following nouns :-

دختر - شوہر - کنیز - عزیزہ - بیگم - آدم - ماکیاں - شاہاں -

(*b*) Form proper adjectives from .—

شما - رضا - فدا - خدا - سرمہ - قلعہ - بدخشاں - گلستاں -

VI. (*a*) Combine the following simple sentences into a complex one :—

ذکرِ زمانہ قدیم است - بازرگانے بود - او بر و بحر پیمودہ بود - او اقالیم شرق و غرب طے کردہ بود - او سرد و گرم روزگار دیدہ بود - او تلخ و شیریں ایام بسیار چشیدہ بود - بر مملکت نہادش مقدمۂ سپاہِ مرگ تاختن آورد - عبارت ازیں مقدمہ ضعف و پیری است - او فرزندانِ خود را طلبید - ایشاں را پند و نصائح سودمند داد -

(*b*) Fill up the blanks in the following :-

فرزندا! چند فقرہ . . . . بیاض لے علے حضرت خوش . . . . . بہ اقتضائے شفقتِ . . . . . بے اختیار . . . . آں فرزند . . . . نوشتیم - کہ تنہا متلذذ . . . . . چندیں چیز بہترین اعمال است - رونداون . . . . مردمِ بد - نہ رنجیدن . . . . . حصولِ مقصد - نرنجانیدن مردمِ . . . . بار ندادن . . . . . مردمِ جہال . . . . نہ کردن بہ اقوالِ غیر عقاید - بے خبر بودن از . . . . . متوکلان . . . . .

VII. (*a*) Analyse the following verse :—

سراپا صاف شو تا روبہ روئے یار جا یابی
کہ پیش خوب رویاں آئینہ منظور مے گردد

(*b*) Parse the overlined words in the above verse.

VIII. Translate into persian :—

(a) دوپہر کا وقت ہے۔ گرمیوں کا موسم۔ دھوپ کی شدّت۔ آفتاب سوا نیزے پر آیا چاہتا ہے۔ بے زبان چارپائے زبانیں نکالے ہانپ رہے ہیں۔ غریب پرندے چونچیں کھولے۔ پر پھیلائے درختوں کی ڈالیوں کے ساتھ سمٹے چلے جاتے ہیں۔ مچھلیاں پانی کی تہ میں جا لگی ہیں۔ مگر وہاں آرام کہاں؟ سخت بیقرار ہو ہو ابرِ رحمت کے لئے دعا کو سر اُٹھاتی ہیں۔ اور پھر پانی کی تہ میں سہم جاتی ہیں۔ اُف! آسمان اس وقت کیا ہی غضب آلودہ آنکھیں کھولے ہوئے ہے۔ ہوا کا نام تک نہیں۔ سر کا پسینہ پاؤں تک پہنچتا ہے۔ اُمس ہے کہ پناہ! جی ایسا تلملا رہا ہے کہ الحفیظ! الحفیظ!! ہر طرف سے آواز ہے کہ:۔

رحمت فرما کہ کار از حدّ گزشت

(b) دھروجی کی لیلا بھارت ورش میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک مشہور رہے۔ بلکہ ممالک جرمنی و امریکہ میں جہاں سنسکرت اور پراچین مذہب کا شوق اور پرچار ہے۔ ان مہاتما کا نام نامی و اِسم گرامی نہایت ادب سے لیا جاتا ہے۔ ایسی چھوٹی سی آوستھا میں کسی دوسرے بھگت کو گیان بھگتی اور درشن اصلی نرنکار کا ہونا

نہیں سُنا۔ یہ اپنی بھگتی اور تپسیا کے بل سے ایسی پرم پدوی کو پہنچے
کہ اُنکے تمام کا ستارہ پورے اثر کا مانا جاتا ہے۔ ان کی لیلا کا ریکارڈ
بنانے کی زبردست فرمائش عرصہ سے ہو رہی تھی۔ جو بہت کوشش سے
پوری کی گئی . . . .

. . . . دو ریکارڈ میں اس لیلا کا تمام
اچھا حصہ یعنی عطر آگیا ہے۔ اور جس سے پوری پوری نصیحت اس
سرشٹی کا پورا بھید اور بھگتی وسچی پرمارتھ کا راستہ بخوبی حاصل ہوتا ہے
ہر شخص کو چاہیئے کہ ان کو لے کر سُنتا رہے اور گھروں میں پرچار پھیلائے
خود لابھ اُٹھائے اوروں کو پہنچائے۔

(۵) (i) بادشاہ نے سارے راج میں ڈونڈی پھروا دی۔

(ii) وہ اپنی پرجا سے پیار کرتا تھا۔ اور وہ بھی اُسے چاہتی تھی۔

(iii) میری قسمت میں یہ لکھا ہے کہ میں اس ذلّت میں مروں۔ مگر منت کرتا ہوں۔ کہ میری آبرو مت اُتارو۔

(iv) ایک بامرّوت جوان مرد اپنے ناخوش کرنے والے کے قصور کو بھی طرح دیتا ہے۔

Paper 6.

I. (a) What is meant by the terms :—
تخفیف۔ ترخیم۔ تعریب۔ تعلیل۔ تفریس۔ تحریک۔
Illustrate your answer with examples.

(b) Discriminate clearly between :—

(i) تشدید and ادغام (ii) واو معدولہ and

(iii) واو اشمام and کلمہ کلام

II. (a) What are the recognitions of مصدر and state why تہمتن is not مصدر

(b) Derive second person, singular number of the imperative moods from :—

تاختن ۔ تافتن ۔ مُردن ۔ بُردن ۔ دیدن ۔ چیدن ۔

III. (a) Use :—

(i) فعل امر as اسم مفعول (ii) فعل ماضی مطلق as اسم حاصل مصدر (iii) فعل ماضی شرطی as فعل ماضی استمراری

(b) What kind of noun is کلک, write down five nouns of the same kind.

IV. (a) Give the grammatical construction of the following words :—

کوہ وقار ۔ گوہربار ۔ دستاویز ۔ آب ریز ۔ بالاپوش ۔ خانہ بدوش پاندان ۔ آسمان ۔

(b) Form proper adjectives from :—
گنگا ۔ مکّہ ۔ زہرہ ۔ بصرہ ۔ مُغل ۔ ازل ۔ شاہ ۔ ماہ

V. (a) Give abstract nouns of :—
ظاہر ۔ قاہر ۔ سفیر ۔ فقیر ۔ خندیدن ۔ جُنبیدن ۔ فریفتن ۔ گریستن

(b) Form adjectives from : —

زیارت ۔ بصارت ۔ حباب ۔ خضاب ۔ دفع ۔ شمع ۔ جوش ۔ ہوش ۔

VI. (*a*) Correct the following sentences :—

(i) درس گرفتم و وظیفه هم یافتن۔
(ii) من آنجا نتوانم رَدم و نه مے خواہم رفت۔
(iii) پرانِ کبوتر را بستہ کنید نہ کہ پرواز کُنند۔
(iv) حیف است کہ عاقلاں فاقہ کشی کردند و جاہلاں سیر باشند۔
(v) ایں سنگ چہ گونہ سنگین است۔
(vi) ہم آں شاں از با ہم دِگر مُکدّر شدہ ہستند۔

(*b*) Turn the following prose into its direct form of speech :—

آغا حشر از طفلے پُرسید۔ آیا او فارسی بداند۔ محاورات فارسی نفہمد بجوابش گفت کہ خواندن کم کم بتواند لاکن بحرف زدن مہارتے ندارد۔ فرمودند۔ کہ زبان فارسی خیلے آسان است۔ اگر سعیئے بکند باندک مدّت بتواند یاد گیرد۔ عرض کرد کتابے ندارد و نداند کہ کتاب فارسیئے جدید از کجا دستیاب کُند۔ فرمودند کہ شنیدہ اند کہ لاہور چاپ شدہ است۔

VII. (*a*) Analyse the following verse :—

مَن از گُل باغ مے جویم تو گُل از باغ مے جوئی
من آتش از دُخاں بینم تو از آتش دُخاں بینی

(*b*) Parse the overlined words in the above verse.

VIII. Translate into persian :—

(ط) کہتے ہیں روئے زمین پر کھجور کا درخت تمام نباتات سے پہلے نمودار ہوُا۔ یہ درخت اپنے قد کے سیدھا ہونے۔ سر میں جان رکھنے۔ نر و مادہ میں امتیاز رکھنے اور حاملہ ہونے کے سبب انسان سے ملتا جلتا ہے۔ اس کے شگوفہ پر جھلّی کی طرح ایک غلاف ہوتا ہے جس میں بچہ ہوتا ہے۔ اس پر انسان کے بالوں کی طرح چھال سی بھی ہوتی ہے۔

اس کا پھل نہایت لذیذ ہوتا ہے خوشنما اور میٹھا ہوتا ہے اگر اسے تازہ دوُدھ میں بھگو کر کھایا جائے تو دماغ کو تقویت بخشتا ہے طبیعت میں زور پیدا کرتا ہے۔

کھجور کے پتے کا چبانا لہسن اور پیاز کی بُو کو دُور کرتا ہے۔ اِس کی کھال چھال۔ جوڑ۔ پنجر۔ ناریل کی طرح مختلف طور پر استعمال میں آتے ہیں۔ اس کے درخت کی آبپاشی اگر میٹھے پانی سے ہو تو اس کے پھل کے ذائقے کیلئے مضر ٹھہرتی ہے۔ اگر کھاری پانی سے ہو تو مفید۔ سُبحان اللہ تیری قدرت۔

(ح) ہیڈ کلارک نے ہراتی سوداگروں سے دریافت کیا۔ کہ تمہارا کیا دعوےٰ ہے؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ ہم سالہا سال سے مشہد میں آمد و رفت رکھتے ہیں۔ لیکن اس قسم کی بے انصافی ہم نے کبھی نہیں دیکھی۔ جیسی کہ اس دفعہ ہمارے ساتھ روا رکھی گئی ہے۔ یعنی جب ہم اپنے مال کی قیمت خریداروں سے انگریزی سکّے میں وصول کر کے چلے گئے کہ پہلے کی طرح بزّازوں سے کپڑا خرید کر واپس جائیں۔ ہم نے کپڑا خریدا۔ اُس کی قیمت اُسی سکّہ میں ادا کرنا چاہی۔ مگر بزّازوں نے اس سکّہ میں

قیمت لینے سے انکار کردیا۔ چندے بعد کہا۔ لینے کو تیار ہیں۔ مگر ایک تومان کے برابر تین روپے لینگے۔ چونکہ مروّج نرخ کے مطابق اڑھائی روپے ایک تومان کے برابر ہوتے ہیں۔ ہم نے اصرار کیا کہ وہ مُروّجہ نرخ کے مطابق رقم لے لیں۔ تب بزازوں نے دُھائی مچادی۔ کہ افغان ہماری دُکان لوٹنا چاہتے ہیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ انصاف فرمایا جائے۔

(c) جن لوگوں نے بچپن میں ورزش کسرت کا ڈھنگ کیا۔ ساتھ لیا۔ ان کو بڑھاپے میں اس نے عصائے پیری کا کام دیا۔ وہ ہمیشہ چلتے پھرتے ہٹے۔ کٹے اور ڈٹے نظر آیا کئے۔ اندھے۔ بہرے۔ گبڑے نہیں ہوئے۔ ڈاکٹر کی ضرورت ان کو کم پڑی۔ مرتے تک اُن کی آواز میں زور طبیعت میں شور پایا گیا۔ دنیوی کاموں سے فراغت یا آخرت کے فکر و تردّد میں بھی اکثر محو پائے گئے۔ سچ ہے کاہلی کسرتی کے پاس نہیں آتی۔ جسم ہے تو جان ہے جان ہے تو روح ہے *

Paper 7.

I. (*a*) Distinguish between :—

(*i*) حذف ۔ تخفیف and ترخیم

(*ii*) صفت ۔ بدل and عطفِ بیان

(*b*) Give two examples of each of the following :—

قلبِ اضافت ۔ فکِّ اضافت ۔ اِمالہ ۔ اِشباع ۔ حرفِ شمسی ۔ حرفِ قمری ۔

II. (*a*) What vowal point does ب have when prefixed to a noun and a vorb ?

(*b*) Use :—

(*i*) اِسم ضمیر as موصوف

(*ii*) فعلِ تام as فعلِ ناقص

(*iii*) فعلِ امر as حاصلِ مصدر

III. (*a*) What is meant by تذکیر - تصغیر and تنکیر Examplify your answer.

(*b*) Derive first person, plural number, and passive voice of future tense from the infinitive ناراض شُدن

IV. (*a*) What do the following prefixes denote ?

Illustrate your answer with examples :—
سر - خر - در - ہر - با - نا - وا - لا -

(*b*) Form diminutives of :—
زاغ - داغ - دوشہ - نامہ - خُم - سُم - نہال - دوال

V. (*a*) Give abstract nonns of :—
مُتحمّل - مُتأہّل - مرعوب - معتوب - ذہین - حسین - مخروش - مدہوش -

(*b*) Point out the number of the following nouns, giving their opposite

number :—

حواس - اساس - ایقان - میزان - سہام - طعام - اُصُول - رُسُول -

VI. (*a*) Inserting appropriate words in the spaces left blank, rewrite the following :—

کتاب کلیلہ ودمنہ را دانشوران ہند . . . . زُبان بے زُبانان . . . .
آوردہ پند و . . . . را بہ بازی و . . . . آمیختند گویا . . . . دار وئے
. . . . شکرؔ ریختند . . . . مزہ اش گوارا . . . . و یاد گرفتن . . . .
خرد سالاں . . . . نیاید و . . . . بزُرگ شوند در . . . . یاد
گرفتہ اند اندیشہ . . . . و عقل . . . . تجربہ یابند چنانچہ کود کے
تمیز رسد و پائے او . . . . گنجے افتد کہ پدرش . . . .

(*b*) Split up the following complex sentenee into fifteen simple sentences:–

شخصے از اہلِ محفل نقلہا ے شیریں و رنگیں سیّاح ۔ معمرؔ و ضعیف کہ در
محفل نشستہ بیان مے کرد و دل اہلِ محفل را از دستِ ایشاں مے رُبود
شنیدہ چناں متاثر گردید کہ فے الحال بہ محفل استادہ سیاح را مرحبا گفت۔

VII. (*a*) Analyse the following verse :—

مے روی و گریہ مے آید مرا
ساعتے بنشیں کہ باراں بگزرد

(*b*) Parse the overlined words in the above verse.

VIII. Translate into persian :—

(a) پائین باغ سے ایک آتشیں گولا سُرخ - جلتا - چمکتا - بھڑکتا - دہکتا - لہلہاتا - تڑپتا ایک بڑے تالاب میں گرا - اور پھر نکل کر کئی ہزار فٹ اوپر اُٹھا - اور اس میں سے دو دیو آتشیں نکلے اور باہم مثل رُستم و اسفندیار کے خوب لڑے - اور لڑتے لڑتے جب اُن کے پیٹ پھٹے تو دو نہنگاں جنگی نکلے - اور وہ خوب لڑے - اور جب ان کے سر کٹ گئے - اور دھڑ رہ گئے - تو ہزاروں سانپ آسمان سے مثل شعلے کے نمودار ہو کر باہم ایک دوسرے کو مارتے کھاتے نگلتے اور طرح طرح کے کیڑے مکوڑے - بچھو - طیور - ٹڈی سے لیکر عقاب تک ظاہر ہوئے دیکھنے والے دنگ رہ گئے - کوئی جادو سمجھا - کوئی طلسم اور کسی نے کہا نظر بندی ہے - (ماخوذ از اُردو تصنیف پامر)

(b) اورنگ زیب اپنے اُستاد جو انعام و اکرام کی امید میں دربار میں پہنچا ہے سے مخاطب ہے فرمایا - "مُلّا صاحب! فرمائیے! کیا چاہتے ہیں؟ کیا آپ کو یہ دعوٰے ہے کہ آپ خواصِ دربار میں شمول پائیں - مگر اس سے پہلے آپ یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچائیں - کہ آپ عزت کے مستحق بھی ہیں یا نہیں اس سے انکار نہیں کرتے کہ اگر آپ ہماری تعلیم و تربیت شائستہ طور پر کرتے تو ضرور ممتاز ہوتے"

"کیا آپ یاد فرما سکتے ہیں - کہ آپ سے کونسی واقفیت مجھے حاصل ہوئی ہے؟ آپ نے یہی بتایا نہ کہ فرنگستان ایک چھوٹے سے جزیرے سے زیادہ نہیں - جس میں سب سے بڑا بادشاہ اوّل پرتگیز - پھر ولندیز پھر انگریز ہوا - فرانس - اندلس کے متعلق آپ نے بتایا کہ یہ لوگ

ہمارے ہاں کے نوابوں کے موافق ہیں۔ اور سلاطین ہند کی شان و شوکت کے سامنے کسی مملکت کو تاب مقابلہ نہیں۔ شرق و غرب کے سبھی بادشاہ کانپتے ہیں۔ سُبحان اللہ! آپ کی جغرافیہ دانی اور تاریخ فہمی کا کیا کہنا؟ کیا مجھ جیسے شخص کے اُستاد کو لازم نہ تھا۔ کہ دنیا کی ہر ایک قوم کی طاقتِ جنگی۔ قوتِ بحری و برّی۔ وسائلِ آمدنی۔ طرزِ انتظامِ حکومت۔ رسم و رواجِ مُلک۔ اُصُول بنیادِ سلطنت۔ اسباب ترقی و تنزل سابقہ و حالیہ۔ حادثات و واقعات انقلاب انداز وغیرہ وغیرہ امور سے بخوبی واقف کرتا۔ تاریخ عالم اور سوانح بنی آدم سے پورے طور پر بتدریج آگاہ کرتا۔ طرح طرح کی نظمی و عملی حکمتوں اور مصلحتوں سے بہرہ ور کرتا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ غرض ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

(c) آج آنکھیں دیکھتی۔ گویا زبان سُنتے ہیں کان
عقل برجا۔ پاؤں چلتے ہیں۔ کھُلے دو ہاتھ ہیں
موت آئیگی تو جتنے ہیں یہ سب رہ جائیں گے
ساتھ چلنے کے نہیں جو آج تیرے ساتھ ہیں

Paper 8.

I. (*a*) Define and explain the following :—
الف ممدودہ۔ واوِ معدولہ۔ نونِ غنّہ۔ یائے مجہولہ۔ حرفِ مہملہ

(*b*) What is the difference between :—

(*i*) مترادف and مشترک

(*ii*) اضافت and اسناد

(*iii*) جمع and اسم جمع

II. (*a*) Are غلامِ مصر and ماہِ کنعان proper noun or common noun? Give reasons.

(*b*) Compose short persian sentences, to show the various sences in which the second person, singular number of imperative and the first person, singular number of past indefinite tense are used.

III. (*a*) Trace the derivations of :—

سکنجبین - اندوہگیں - مشاہیر - دساتیر - منتشر الخیال - مرفّہ الاحوال
مخدوم جہانیاں - پیشوائے زمانیاں - آئینہ - سراسیمہ - تہذیب الاخلاق
شہرۂ آفاق -

(*b*) What is the grammatical force of ہائے in :—

یک سالہ - نالہ - خالہ - مالہ - ہالہ - لالہ

IV. (*a*) Give plurals of :—

تخت - وقت - چمن - وطن - خروس - عروس - درم - الم

(*b*) Form adjectives from :—

آفت - حاجت - ضیافت - ریاضت - اذان - ہیجان - امکان - ایمان

V. (*a*) Give two examples of each of the following :— تنسیق الصفات - صنعت مساوات

کاف تصغیر - یائے تنکیر - ہائے نسبت - یائے وحدت -

(*h*) Write down the feminines of :— خسر - شتر - خر - نر - تکہ - پروانہ - خان - شبان -

VI. (*a*) Combine the following simple sen tences into a single one :—

درویشے بود - او از اعراب بود - او بادیہ نشین بود - او آب شورے نوشید - او بر برگِ درختاں بسر مے برد - او بر چشمہ رسید - چشمہ بہ کنارِ موضع بود - آبش منغض بود - دراں گل بود - دراں لائے بود -

(*b*) Correct the following sentences giving reasons in each :—

(i) بلے آں شہر بہ دریاست -
(ii) گواہا قسمہا گرفتند -
(iii) ہر کہ بپالند بنالند -
(iv) کارِ امروز بر فردا مدار -
(v) جوینده و یابنده -
(vi) آئینہ ام از تقدیرم شکستم -
(vii) خوب اسباب خود بینی شکستند -

VII. (*a*) Analyse the following verse :—

گزشتہ خواب و آئندہ خیال است
غنیمت داں ہمیں دم را کہ حال است

(*b*) Parse the overlined words in the above verse.

VIII. Translate into persian :—

(ط) جناب! کشمیر کے اگلے راجاؤں کی تاریخ میں لکھا ہے کہ یہ تمام ملک اگلے زمانے میں بڑی جھیل تھا جس کے پانی کو ایک بڈھے رشی نے جس کا نام کاشب تھا اپنی کرامات سے بارہ مولا پہاڑ کو چیر کر نکال دیا۔ یہ حال اُس کتاب میں مل سکتا ہے جو جہانگیر کے حکم سے پُرانی تاریخوں کا خلاصہ کر کے فارسی زبان میں لکھی گئی تھی۔ اور جسکا میں آجکل ترجمہ کر رہا ہوں۔

اگرچہ اس طبقے کے پانی میں ڈوبے ہونے سے انکار نہیں کیا جاسکتا بلکہ ایسے ایسے انقلاباتِ سطح زمین کی اور اور مثالیں ملتی ہیں۔ لیکن یہ امر آسانی سے باور نہیں کیا جاسکتا۔ کہ یہ شگاف کسی انسان کا کام ہے۔ جو بہت ہی لمبا۔ چوڑا اور اونچا ہے۔ اور جس میں سے پانی کا نکاس ہے۔ بلکہ یوں معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ پہاڑ کسی قدرتی خلا میں۔ جو سُرنگ کی طرح پہاڑوں میں اکثر ہوتی ہیں۔ کسی سخت بھونچال کے صدمے سے جو اس ملک میں بہت آیا کرتے ہیں دھس گیا۔ اور . . . .

(ح) انسان کو چاہیئے کہ حدِّ اعتدال سے نہ گزرے۔ جاگنا۔ سونا۔ کھانا پینا سیر۔ تفریح۔ کام کاج۔ میل ملاپ غرض ہر ایک عمل اپنے اپنے وقت پر بھلا معلوم ہوتا ہے۔ غور کیا جائے کہ رزق ایسی شے ہے کہ قصرِ زیست کی بُنیاد اسی پر رکھی گئی ہے۔ مگر اس کا ہمیشہ کا خرچ ہی خرچ باعثِ تباہی نہ ہوگا تو کیا ہوگا۔ یعنی اس کے حصُول و دخول کا بھی خیال ہونا چاہیئے۔ جس کے لئے سعی و کوشش لازم ہے۔ محنت واجب ہے

ذی علم اشخاص نے کام سے گھبرا جانے کے وقت طبیعت کی فرحت کے لئے شعر و شاعری کا شغل اختیار کیا۔ اسی طرح عوام نے چوسر

گنجفہ وغیرہ کھیل تماشے ایجاد کئے۔ مگر بعض حضرات کو ہم دیکھتے ہیں صبح سے آدھی رات تک انہیں ان لغو اور پوچ کھیلوں کے سوا اور کچھ سوجھتا ہی نہیں۔ آئے کوئی جائے۔ مرے کوئی جیئے۔ بھائی بیمار ہو۔ بیوی لاچار ہو۔ بزرگ ناراض ہوں۔ چھوٹے بیقرار ہوں۔ کھانا ہو نہ پینا غرض دنیا کا کام ہو نہ ہو مگر شطرنج لگی ہو۔ چوسر بچھی ہو۔ مہروں کی چانٹ ہو۔ گنجفے کی بانٹ ہو ٭

Paper 9.

I. (a) Name the Arabic letters in the persian alphabets. What particular letters do not occur in Arabic and purely Persian. How will you account for this particularity in the Alphabets of these languages ?

(b) What is the difference in the meanings of the following infinitives :—

(i) آراستن and پیراستن

(ii) بریدن and گزیدن

(iii) تاختن and دویدن

II. (a) What is meant by the following :—

عوعو۔ کوکو۔ موموہ۔ قہ قہ۔ چرچر۔ قل قل۔ مچ مچ۔ صرصر

(*b*) Mention the various ways (in persian) in which feminine is distinguished from masculine.

III. (*a*) What kind of particles are :—

ولیک - لیکن - آسا - حاشا - لہٰذا - حبّذا - چونکہ - بلکہ -

(*b*) Compare the real meanings of the following words to the meanings in which they are used :—

بیابان - اُستخوان - مغرب - صاحب - اخبار - نہار - اسباب - شراب -

IV. (*a*) Give imperatives of ;—

پختن - پختن - باختن - پختن - گُشتن - کاشتن - شگُفتن - شگافتن

(*b*) Write down the abstract nouns of :—

مُتقّی - راشی - بخیل - وکیل - مُرتاض - نبّاض - مُسلِم - مُنعِم -

V. (*a*) Give the opposite number of :—

میدان - تیجان - غلام - کرام - صحرا - شُعرا - بُخار - کبار -

(*b*) Give pure persian words for the following Arabic words :—

واجب - مرکّب - عرض - فرض - کرۂ ارض - خطِ استوا - نقطہ - اشارہ

VI. (*a*) Split up the following sentence into at-least fifteen simple sentences :—

گلزارِ شباب کہ فی الحقیقت باغے ست تازہ و شاداب و گلشنے ست
پُر بہار و سیراب چمنے ست خُرّم و خنداں و بوستانے ست مُفرحِ جاں تا گے

از تاخت و تاراجِ بادِ خزاں پیری و تباہی و استیصال لیئے سیلاب علالت و دلگیری مامُون و مصئُون باشد۔

(b) Turn the following into its indirect form of speech ;--

زینب۔ "آقا! چه طور حق ندارم؟ سالہا زحمت کشیدہ خانۂ حاجی نشستم مقالید ہمہ صنادیق دستِ من مے بودہ۔ ہر چه مے خواستم خرچ مے کردم در زندگئے حاجی خواہرش اختیار پنج قاز را نداشت۔ حالا چه شدہ است که بائد من کنار وا ایستم۔ آ! چنگی تو بیائی ہمہ پولہا را ببری۔ بخوری و بنوشی۔ کیف کنی۔"

VII. (a) Analyse the following verse :--

لذتِ دردِ محبت را ز بے درداں مپرس
قدرِ صحت را نداند ہر که او بیمار نیست

(b) Parse the overlined words in the above verse.

VIII. Translate into persian :—

(a) قبلہ! میری شوخی دیکھئے۔ یوسف کو آئینہ دکھاتا ہوں۔ سُورج کو روشنی کی حکایت سُناتا ہوں۔ گلزار میں پھول لے جاتا ہوں۔ ختن میں کستوری تحفہ بھیجتا ہوں۔ دریا کے سامنے روانی کے معنی بیان کرتا ہوں۔ چاند کے روبرو چاندنی چھٹکاتا ہوں۔ لعل کے حضور میں رنگ کی دُکان کھولتا ہوں۔ کھانڈ کے مواجہ شیرینی تولتا ہوں۔ مسیحا سے کہتا ہوں جان بخشی کی روایت سُنیئے۔ موسےٰ سے تمنا کرتا ہوں ید بیضا

کی چمک دیکھئے۔ یعنی حضرت کا دیوان مرتب کر کے آپکے حضور میں پیش کرتا ہوں۔ میرے لئے اُس کے دیباچہ کا ارادہ کرنا ایسا تھا۔ جیسے گدا شاہی خزانوں کے اہتمام کا قصد کرے۔ ایک شیشہ گر ہیرا تراشنے کی آرزو میں مرے۔ اندھا چاہے کہ قدرت کے نظارہ سے حظ اُٹھائے گونگا چاہے کہ فصاحت کا سکہ بٹھائے۔ مگر چونکہ غلبۂ شوق میں تمیز باقی نہیں رہتی۔ یہ خیال نہیں ہوتا کہ مَیں کیا ہوں اور کیا کرتا ہوں دیباچہ بھی لکھ ڈالا۔ شامل کیا۔ مگر آپ کے دیوان پر میرا دیباچہ ایسا ہے جیسے موتی کی لڑی میں سنگریزے کا آویزہ۔ زربفت کی قبا میں چھینٹ کا حاشیہ۔ تصویر مانی کے گرد کسی نومشق کی لکیر۔ کلام سحباں پر کسی ابجد خوان کی تفسیر۔ لیکن اس نظر سے کہ ہر ایک چیز اپنے ضدّ سے پہچانی جاتی ہے۔ بدصورت کے مقابلے میں حسین کے حُسن کو اور رونق ہوتی ہے۔ شبِ تار میں شمع کی روشنی زیادہ ضیا دیتی ہے۔ کھاری پانی پینے کے بعد شربت کا اور ہی مزہ ہوتا ہے۔ صحرانوردی کے بعد باغ کا لطف کہا نہیں جاتا۔ ستارہ دیکھکر چاند دیکھنے سے اُس کی خوبی و روشنی دوبالا نظر آتی ہے۔ میری خوش طالعی ہے اگر یہ قبول ہو اور اس کے لئے شرف ہے۔ اگر شرفِ قبولیت حصول ہو۔ (غلام غوث بے خبر)

(ح) (i) کام میں نوکر کا۔ دُکھ میں مترکا۔ اور مُفلسی میں بیوی کا پتہ لگ جاتا ہے۔

(ii) مردوں سے عورتوں کی خوراک دُوگنی۔ حیا چوگنی۔ ہمت چھوگنی۔ اور شہوت اٹھوگنی ہوتی ہے۔

(iii) تدبیر سے مفلسی۔ عبادت سے گناہ۔ خاموشی سے لڑائی اور بیداری سے چور کا ڈر نہیں رہنے پاتا۔

(iv) بھگتی ایک سے۔ پڑھائی دو سے۔ گانا تین سے۔ سفر چار سے۔

کھیتی پانچ اور لڑائی بہت سے ہی بھلی ہو سکتی ہے۔
(۷) بیٹے کے بغیر گھر۔ دوست کے بغیر باہر اور علم کے بغیر اپنے اندر اندھیرا
رہتا ہے +

Paper 10.

I. (*a*) Discriminate between :—

(*i*) ساکن and مَوقُوف

(*ii*) مقدّر and مَحذُوف

(*iii*) مضاف and مَوصُوف

(*b*) Give examples of some concrete nouns, simple in form but compound in reality.

II. (*a*) Write at least five infinitives which are used both transitively and intransitively.

(*b*) In English grammar the infinitive is treated under verb, while in persian it is considered noun. Give your reasons in support of the latter.

III. (*a*) Criticise the term مضارع and state briefly the rules of its formations

